## شیر شاہ کی کباڑی مارکیٹ اور شہر کے مختلف علاقوں میں مسلح دہشت گردوں کی وحشیانہ فائرنگ سے درجنوں معصوم و بے گناہ شہریوں کے جاں بحق ہونے پر الطاف حسین کا اظہار مذمت

## آج پورا کراچی درندہ صفت دہشت گردوں کے ہاتھوں یرغمال بنا ہوا ہے۔الطاف حسین

## مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان وعوام دہشت گردوں کی فائرنگ کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والے تمام افراد کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔الطاف حسین

کراچی۔۔۔۔19اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی کے مختلف علاقوں میں مسلح دہشت گردوں کی وحشیانہ فائرنگ کی شدید مذمت کی ہے اور فائرنگ سے درجنوں معصوم و بے گناہ شہریوں کے جاں بحق ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ آج پورا کراچی درندہ صفت دہشت گردوں کے ہاتھوں یرغمال بنا ہوا ہے جو شہر بھر میں معصوم شہریوں پر بیدریغ گولیاں برسا رہے ہیں اور اسلحہ کی بنیاد پر خونی کھیل کھیل رہے ہیں۔درندہ صفت دہشت گردوں نے آج ایک طرف شیر شاہ کی کباڑی مارکیٹ میں خون کی ہولی کھیلی اور دوسری طرف شہر کے مختلف علاقوں میں بھی معصوم شہریوں کو گولیوں کا نشانہ بنایا جس کے نتیجے میں آج 24 معصوم شہری جاں بحق اور درجنوں زخمی ہوگئے ۔ جناب الطاف حسین نے دہشت گردوں کی فائرنگ کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والے تمام افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان وعوام آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ معصوم شہیدوں کی مغفرت فرمائے ،انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے ،لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے اور زخمیوں کو جلد صحتیابی عطا کرے ۔

## شیر شاہ میں قتل عام کے خلاف ایم کیوایم کی جانب سے بروز بُدھ یوم سوگ منانے کا اعلان

## کراچی میں حکومت نام کی کوئی چیز نہیں ہے اور شہر کو درندہ صفت دہشت گردوں کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا گیا ہے

## جس طرح معصوم شہریوں کے خون سے ہولی کھیلی گئی ہے اس پر میرا دل خون کے آنسو رو رہا ہے۔الطاف حسین

## عوام سانحہ شیر شاہ پر کل بروز بُدھ پرامن طور پر سوگ منائیں،قرآن خوانی کریں اور پرامن رہ کر اپنے پیاروں کا غم منائیں،اپنے جذبات قابو میں رکھیں اور ہر قیمت پر پرامن رہیں

لندن۔۔۔19 اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی کے علاقے شیر شاہ کی کباڑی مارکیٹ پر درندہ صفت دہشت گردوں کے وحشیانہ حملے اور معصوم و بے گناہ دکانداروں کے قتل عام کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور خون کی اس ہولی کے دوران 12 معصوم شہریوں کے جاں بحق اور درجنوں افراد کے زخمی ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے اور سانحہ شیر شاہ میں معصوم شہریوں کے قتل عام پر کل بروز بُدھ یوم سوگ منانے کا اعلان کیا ہے۔سانحہ شیر شاہ پر اپنے ابتدائی بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایسا لگتا ہے کہ کراچی میں حکومت نام کی کوئی چیز نہیں ہے اور شہر کو درندہ صفت دہشت گردوں کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا گیا ہے جو جس وقت اور جہاں چاہ رہے ہیں معصوم شہریوں کا قتل عام کر رہے ہیں۔حکومت کراچی کے شہریوں کو جان و مال کا تحفظ فراہم کرنے میں ناکام ہوگئی ہے اور درندہ صفت دہشت گرد آزادی سے معصوم اور نہتے شہریوں کے خون سے ہولی کھیل رہے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ شیر شاہ کی کباڑی مارکیٹ میں جس طرح معصوم شہریوں کے خون سے ہولی کھیلی گئی ہے اس پر میرا دل خون کے آنسو رو رہا ہے اور میں اس سانحہ میں شہید ہونے والوں کے غم میں برابر کا شریک ہوں ۔جناب الطاف حسین نے عوام سے کہا ہے کہ وہ سانحہ شیر شاہ پر کل بروز بُدھ پرامن طور پر سوگ منائیں،قرآن خوانی کریں اور پرامن رہ کر اپنے پیاروں کا غم منائیں،اپنے جذبات قابو میں رکھیں اور ہر قیمت پر پرامن رہیں۔ جناب الطاف حسین نے سانحہ میں شہید ہونے والوں کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی صحتیابی کیلئے دعا کی ۔

## رابطہ کمیٹی کے ارکان نے اسپتال کا دورہ کرکے شیر شاہ کباڑی مارکیٹ کے زخمیوں کی عیادت کی

کراچی۔۔۔19، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان وسیم آفتاب اورڈاکٹر صغیر احمد نے اسپتال کا ہنگامی دورہ کیا اور شیر شاہ کباڑی مارکیٹ میں لیاری گینگ وار کے مسلح دہشت گردوں کی وحشیانہ فائرنگ کے نتیجے میں زخمی افراد کی عیادت کی اوران سے واقعے کی معلومات حاصل کی۔انہوں نے دہشت گردوں کی وحشیانہ فائرنگ کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی ہمدردی وتعزیت کا اظہار کیا اورانہیں صبر کی تلقین کی۔اس موقع پر ان کے ہمراہ حق پرست رکن سندھ اسمبلی ریحان ظفر، ایم کیوایم کی کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان اور دیگر بھی موجود تھے۔رابطہ کمیٹی نے دہشت گردی کے اس واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے زخمیوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## شیر شاہ میں کباڑی مارکیٹ پر حملہ میں لیاری گینگ وار سے تعلق رکھنے والے دہشت گرد ملوث ہیں
## حملہ آور دہشت گرد جدید اسلحہ سے لیس تھے اور موٹر سائیکلوں پر سوار تھے، مسلح افراد کئی موٹر سائیکلوں پر
## میوہ شاہ قبرستان کے راستے سے کباڑی مارکیٹ پر حملہ آور ہوئے
## راستے میں ان مسلح دہشت گردوں کو پولیس نے نہیں روکا۔رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ

کراچی۔۔۔19 اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ رابطہ کمیٹی کو موصول ہونے والی مصدقہ اطلاعات کے مطابق آج کراچی کے علاقے شیر شاہ میں کباڑی مارکیٹ پر حملہ میں لیاری گینگ وار سے تعلق رکھنے والے دہشت گرد ملوث ہیں۔رابطہ کمیٹی کو موصول ہونے والی اطلاعات کے مطابق کباڑی مارکیٹ پر مسلح حملہ کرنے والے دہشت گردوں میں گینگ وار کے جبار لنگڑے کی پوری ٹیم، فیصل پٹھان، فہد، ملا راجو، شفیع مکسی، لال محمد مکسی، زبیر وحشی اور دیگر شامل ہیں۔اطلاعات کے مطابق یہ حملہ آور دہشت گرد جدید اسلحہ سے لیس تھے اور موٹر سائیکلوں پر سوار تھے اور یہ مسلح افراد کئی موٹر سائیکلوں پر میوہ شاہ قبرستان کے راستے سے کباڑی مارکیٹ پر حملہ آور ہوئے۔اطلاعات کے مطابق راستے میں ان مسلح دہشت گردوں کو پولیس نے نہیں روکا اور یہ آزادی کے ساتھ کباڑی مارکیٹ پر حملہ آور ہوئے۔رابطہ کمیٹی شیر شاہ کی کباڑی مارکیٹ پر حملہ کے بارے میں مزید معلومات حاصل کررہی ہے۔

## سینئر صحافیوں اوراینکر پرسنز پر بھارت اور دیگر ممالک کے ایجنٹ ہونے کے الزامات انتہائی افسوسناک ہیں۔رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ
## پیپلز پارٹی کی حکومت اوراس کے رہنماؤں کو اس قسم کی باتوں سے گریز کرنا چاہیے

کراچی۔۔۔19 اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے پنجاب اسمبلی سیشن کے دوران سینئر صحافی اوراینکر پرسنز پر بھارت اور دیگر ممالک کے ایجنٹ ہونے کے الزامات لگائے جانے پر انتہائی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ مخالفت کرنا یا تنقید کرنا جمہوری روایات اوراصولوں کے مطابق ہے۔اگر کامران خان ، انصار عباسی اور حامد میر پر یہ الزام لگایا جاتا کہ یہ سینئر صحافی پیپلز پارٹی اوراس کی حکومت کے خلاف منفی مہم چلارہے ہیں تو اس پر ہم سمیت کسی بھی پاکستانی کو کسی قسم کی تشویش نہیں ہوتی لیکن اختلاف اورتنقید کے عمل پر غصہ اور جھنجھلاہٹ کی کیفیت میں انہیں بھارتی ایجنٹ اور دیگر ممالک کا ایجنٹ قرار دینے کا عمل کسی بھی طرح مناسب نہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی ہائی کمان کو اپنے تمام رہنماؤں کو یہ تلقین کرنی چاہیے کہ وہ اگر کسی صحافی کی بیان کردہ رپورٹنگ کو جانبدارانہ،تعصب پر مبنی یا پیپلز پارٹی کی حکومت کے خلاف منفی پروپیگنڈہ کرنے کا قصوروار قرار دیں تو یہ پیپلز پارٹی کے اراکین کا جمہوری حق ہے لیکن کسی پر غیر ملکی ایجنٹ ہونے کا الزام لگا کے اس کی حب الوطنی کو مشکوک بنانے کا عمل سراسر غلط ہے۔پیپلز پارٹی کی حکومت اوراس کے رہنماؤں کو اس قسم کی باتوں سے گریز کرنا چاہیے تاکہ محاذ آرائی اتنی نہ بڑھ جائے کہ معاملات پوائنٹ آف نوریٹرن پر آجائیں۔رابطہ کمیٹی نے حکومت اور صحافتی انجمنوں سے اپیل کی کہ بات چیت اور افہام وتفہیم کے ذریعے ان اختلاف ومسائل کا مثبت حل نکالا جائے اور معاملات کو مزید خراب ہونے سے بچایا جائے۔

## کراچی میں دہشت گردی اور پرتشدد واقعات کی ذمہ دار اے این پی ہے۔ گلفراز خان خٹک، رکن رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ

## اے این پی کی جانب سے ضمنی انتخاب کے بائیکاٹ کے اعلان کے ساتھ ہی کراچی میں معصوم شہریوں کا قتل عام شروع کردیا گیا

## تاکہ عوام کو خوفزدہ کیا جاسکے اور ضمنی انتخاب کو سبوتاژ کیا جاسکے

## اے این پی اپنے آپ کو سیاسی طور پر زندہ رکھنے کیلئے کراچی میں سادہ لوح پختونوں کو مروا کر انکی لاشوں پر سیاست کررہی ہے

## لسانی جماعت ایم کیوایم نہیں بلکہ اے این پی ہے جس میں صرف پختون شامل ہیں۔ایم کیوایم میں تمام قومیتوں اور برادریوں کے لوگ شامل ہیں۔گلفراز خان خٹک

## خیبر پختونخوا کے عوام اے این پی کو ہر جگہ لعنت ملامت کررہے ہیں اور وہ عوام کا سامنا کرنے کیلئے تیار نہیں

کراچی۔۔۔19 اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن گلفراز خان خٹک نے کہاہے کہ کراچی میں دہشت گردی اور پرتشدد واقعات کی ذمہ دار اے این پی ہے ۔اے این پی کے رہنماؤں افراسیاب خٹک اور حاجی عدیل کی جانب سے کراچی کے واقعات کی ذمہ داری ایم کیوایم پر عائد کرنے کی شدید مذمت کرتے ہوئے گلفراز خان خٹک نے کہا کہ اے این پی کے رہنما ایم کیوایم کے خلاف بے سروپا الزامات لگا کر اب دنیا کی آنکھوں میں دھول نہیں جھونک سکتے کیونکہ کراچی میں ضمنی انتخاب سے دوروز قبل اے این پی سندھ کے صدر کا یہ دھمکی آمیز بیان میڈیا کے ریکارڈ پر موجود ہے جس میں انہوں نے انتخابات کا بائیکاٹ کرنے یا ہتھیار اٹھانے کی دھمکی دی تھی اور اگلے روز اے این پی کی جانب سے ضمنی انتخاب کے بائیکاٹ کے اعلان کے ساتھ ہی کراچی میں معصوم شہریوں کا قتل عام شروع کردیا گیا تاکہ عوام کو خوفزدہ کیا جاسکے اور ضمنی انتخاب کو سبوتاژ کیا جاسکے ۔گلفراز خان خٹک نے کہا کہ شہر کے عوام اچھی طرح جانتے ہیں کہ یہ اے این پی کے دہشت گرد اور گینگ وار کے جرائم پیشہ عناصر ہی ہیں جنہوں نے کراچی میں دہشت گردی کا بازار گرم کیا اور معصوم شہریوں پر بیدریغ گولیاں برسائیں، یہی امن دشمن عناصر اس سے قبل بھی کئی بار شہر کا امن تباہ کرچکے ہیں اور اب یہ پوری دنیا کے سامنے بے نقاب ہوگئے ہیں۔ گلفراز خان خٹک نے کہا کہ اے این پی کے رہنماؤں کی جانب سے ایم کیوایم کو لسانی جماعت قرار دینا مضحکہ خیز ہے کیونکہ ایم کیوایم میں صرف اردو بولنے والے ہی شامل نہیں بلکہ اس میں پختون، پنجابی، بلوچ،سندھی، سرائیکی، کشمیری، گلگتی ، بلتستانی اور ہر نسلی ولسانی اکائی اور برادری کے لوگ شامل ہیں۔لسانی جماعت ایم کیوایم نہیں بلکہ اے این پی ہے جس میں صرف پختون شامل ہیں۔گلفراز خان خٹک نے مزید کہا کہ اصل حقیقت یہ ہے کہ اے این پی صوبہ خیبر پختونخوا میں مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے، خیبر پختونخوا میں اے این پی کی قیادت اور صوبائی وزراء اور ارکان اسمبلی صرف اور صرف لوٹ مار میں مصروف ہیں جس کی وجہ سے خیبر پختونخواہ کے عوام اے این پی کو ہر جگہ لعنت ملامت کررہے ہیں اور اے این پی کی قیادت اور تمام رہنما عوام کا سامنا کرنے کیلئے تیار نہیں ہیں اسلئے وہ اے این پی کو سیاسی طور پر زندہ رکھنے کیلئے کراچی میں سادہ لوح پختونوں کو مروا کر انکی لاشوں پر سیاست کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ باشعور پختون عوام اے این پی کے اصل چہرے کو پہچان چکے ہیں اور اب وہ اس کے جھانسے میں نہیں آئیں گے۔

## سپریم کورٹ کے وکیل زاہد ملک ایڈوکیٹ نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کردیا

## الطاف حسین ملک بھر کے غریب ومظلوم عوام کے حقیقی نجات دہندہ ہیں، زاہد ملک ایڈووکیٹ

## ایم کیوایم کوئٹہ سٹی کے آفس میں ضلعی آرگنائزر سید سلیم اختر ایڈوکیٹ سے ملاقات

کوئٹہ۔۔۔19،اکتوبر2010ء

سپریم کورٹ کے وکیل زاہد ملک ایڈوکیٹ نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت اور ملک بھر کے مظلوم عوام کیلئے جاری حق پرستانہ جدوجہد سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے ۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم کوئٹہ آفس میں ایم کیوایم کوئٹہ سٹی کے ضلعی آرگنائزر سید سلیم اختر ایڈووکیٹ سے ملاقات کے دوران کیا ۔ملاقات میں زاہد ملک ایڈوکیٹ نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک وقوم کا تابناک مستقبل چاہتے ہیں اور ان کی سیاسی جدوجہد میں بلاتفریق خدمت کے عمل سے ہی اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ وہ ملک بھر کے غریب ومظلوم عوام کے حقیقی نجات دہندہ ہیں ۔اس موقع پر ایم کیوایم کوئٹہ کے ضلعی آرگنائزر سید سلیم اختر ایڈووکیٹ نے زاہد ملک ایڈوکیٹ کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا زبردست خیر مقدم کیا اور انہیں مبارکباد پیش کی ۔

## ضمنی انتخابات میں شکست خوردہ عناصر نے اپنی شکست کو کھلے دل سے تسلیم کرنے کے بجائے شہر کو ہی معصوم لوگوں سے خون سے رنگین کردیا

## شہر میں امن کا قیام ہی ایم کیوایم کی کمزوری ہے مخالفین اس سے ناجائز فائدہ اٹھاتے ہیں

## ایم کیوایم کی یقینی فتح کو شکست میں تبدیل کرنے کیلئے ایم کیوایم کے کارکنوں، ہمدردوں سمیت مختلف قومیتوں کے افراد کو نشانہ بنایا گیا

## پی ایس 94 کے ضمنی انتخاب میں حق پرست امیدوار کی کامیابی پر مبارکباد کے پیغامات میں اظہار خیال

کراچی۔۔۔19، اکتوبر 2010ء

مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے پی ایس 94 کے ضمنی انتخابات میں حق پرست امیدوار سیف الدین خالد کی فقید المثال کامیابی پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کو دلی مبارکباد پیش کی ہے اور اس کامیابی کو ملک بھر کی قومیتوں کا ایم کیوایم پر اعتماد کا مظہر قرار دیا ہے۔ پی ایس 94 کے ضمنی انتخابات میں تمام تر دہشت گردی اور قتل و غارتگری کے واقعات کے باوجود حق پرست امیدوار کی بھاری اکثریت سے کامیابی پر ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو اور انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں بہت بڑی تعداد میں مبارکباد کے پیغامات موصول ہوئے جن میں انہوں نے قتل و غارتگری کے واقعات پر بھی اپنے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ پیغامات بھیجنے والوں میں سیاسی، سماجی، صحافی تنظیموں کے افراد، ڈاکٹرز، انجینئرز، وکلاء، علمائے کرام، تاجر، صنعتکار، طلباء اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد شامل ہیں۔ اپنے پیغامات میں انہوں نے کہا کہ پی ایس 94 کے ضمنی انتخابات کے موقع پر دہشت گردی اور قتل و غارتگری کے ذمہ دار شکست خوردہ عناصر ہیں جنہوں نے اپنی یقینی شکست کو کھلے دل سے تسلیم کرنے کے بجائے معصوم و بے گناہ لوگوں کے خون سے رنگین کردیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ہر ذی شعور شخص یہ اندازہ بخوبی لگا جاسکتا ہے کہ پی ایس 94 کی نشست پر ماضی میں ہونے والے ہر انتخابات میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کا نامزد کردہ امیدوار ہی تمام قومیتوں کی بھرپور حمایت سے کامیاب ہوتا رہا ہے اور اس ضمنی انتخاب میں بھی حق پرست امیدوار کی فتح یقینی تھی لیکن اس فتح کو شکست میں تبدیل کرنے کیلئے گھناؤنی سازش کی گئی اور منظم منصوبے کے تحت ایم کیوایم کے کارکنان، ہمدردوں کو نشانہ بنایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اللہ جسے چاہتا ہے عزت دیتا ہے اور جسے چاہتا ذلت دیتا ہے اور مخالفین کے تمام تر اوچھے ہتھکنڈوں کے باوجود فتح حق پرستوں کا مقدر ثابت ہوئی۔ انہوں کہا کہ شہر میں امن کا قیام ہی ایم کیوایم کی کمزوری ہے، مخالفین اس سے فائدہ اٹھاتے ہیں اور مخالفین ہر اہم موقعوں پر ایم کیوایم کے خلاف نت نئی سازشوں کے تانے بانے بنتے ہیں اور شہر میں قتل و غارتگری اور امن وامان کی خرابی کا جو مسلسل عمل کیا جارہا ہے اس سے ایم کیوایم کے کارکنان اور حق پرست عوام کو حق پرستانہ جدوجہد سے ہرگز باز نہیں رکھا جاسکتا۔ اپنے پیغامات میں انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر، صحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## غربت مٹاؤ کے عالمی دن کے موقع پر کوئٹہ کے سریاب روڈ پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت مفت طبی کیمپ لگایا گیا

کوئٹہ۔۔۔19، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام غربت مٹاؤ کے عالمی دن کے موقع پر کوئٹہ کے سریاب روڈ پر واقع الشفاء کلینک میں مفت طبی کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس میں سینکڑوں بزرگوں، نوجوانوں، خواتین اور بچوں کو بھاری مالیت کی مفت ادویات بھی فراہم کی گئیں۔ طبی کیمپ کی نگرانی ایم کیوایم کوئٹہ کی ضلعی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین ڈاکٹر ارباب عبدالغنی کاسی، سید سلیم اختر ایڈوکیٹ، محمد ادریس، میر شفاء شاہوانی، میر مرادلہڑی، اصغر حسین لاشاری اور غلام قادر مینگل نے کی۔ طبی کیمپ پر صبح سے لیکر رات گئے تک جاری رہا جس کے دوران ماہر ڈاکٹروں نے مریضوں کا تفصیلی چیک اپ کیا اور انہیں حفاظتی تدابیر سے آگاہ کیا۔ طبی سہولیات سے استفادہ کرنے والے مریضوں نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اب خدمت خلق فاؤنڈیشن ہی نہیں ایم کیوایم بھی عملی خدمت کے طور پر پہنچانی جاتی ہے اور ایم کیوایم کا یہ فلاحی ادارہ دکھی انسانیت کی بلاتفریق خدمت کے سبب اونچے سے اونچا مقام حاصل کریگا۔ اس موقع پر انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی طور پر دعائیں بھی کیں۔

## ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے کارکن خلیل کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔19، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 70 کے کارکن خلیل کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے سینئر کارکن خلیل روڈ ایکسیڈنٹ میں انتقال کر گئے، رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔19، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کورنگی سیکٹر یونٹ 70 کے سینئر کارکن خلیل گزشتہ روز ایک روڈ ایکسیڈنٹ میں انتقال کر گئے۔مرحوم کو کورنگی کے مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست صوبائی وزیر خالد عمر، حق پرست ارکان سندھ اسمبلی علیم الرحمٰن، عامر معین، خالد احمد، ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 70 کے سینئر کارکن خلیل روڈ ایکسیڈنٹ میں انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ خلیل مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونیوالے ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے ہمدرد محمد شمیم کو مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا

کراچی۔۔۔19، اکتوبر 2010ء

گزشتہ روز دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ A-118 کے ہمدرد محمد شمیم ولد عبدالطیف کو مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔شہید کی نماز جنازہ اورنگی ٹاؤن میں واقع صدیق اکبر مسجد میں ادا کی گئی۔شہید کی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم ایلڈرز ونگ کے اراکین، ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن اور قصبہ علی گڑھ سیکٹر کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہید کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔یاد رہے کہ گزشتہ روز محمد شمیم شہید اپنی نوکری سے چھٹی کر کے اورنگی ٹاؤن آرہے تھے کہ اے این پی کے مسلح دہشت گردوں نے انہیں گولی مار کر شہید کر دیا۔

☆☆☆☆☆